تسہیل الانشا
جزء اوّل
علّامہ محمد اکرم الازہری
علّامہ محمد سعید الازہری
من علماء دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف
ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور - کراچی
پاکستان

الجزء الاوّل

علامہ محمد سعید الازہری

علامہ محمد اکرم الازہری

من علماء دار العلوم المحمدیہ الغوثیہ ○ بھیرہ شریف

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور ــــ کراچی ○ پاکستان

نام کتاب	تسہیل الانشاء (حصہ اول)
مصنف	علامہ محمد سعید الازہری، علامہ محمد اکرم الازہری من علماء دار العلوم محمدیہ غوثیہ، بھیرہ شریف
تاریخ اشاعت	مارچ 2011ء
مطبع	جمال القرآن پرنٹرز، لاہور
تعداد	ایک ہزار
کمپیوٹر کوڈ	DR4
قیمت	-/81 روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔فون:37221953 فیکس:۔042-37238010

9۔الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔فون:37247350 فیکس:37225085

14۔انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون:32630411-021-3221201۔ فیکس:۔021-32210212

e-mail:- info@zia-ul-quran.com

Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

دو مقتدر اساتذہ (تعارف)

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ کی علمی تحریک کے مرکزی کردار مفکر اسلام ضیاءالامت حضرت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمتہ اللہ علیہ نے دنیا کے ہنگاموں سے دور چلہ کش ہو کر اس درسگاہ کو مضبوط بنیادیں فراہم کیں۔ رواں صدی کے تقاضوں کے مطابق قدیم و جدید علوم کے حسین امتزاج کی صورت میں ایسا نصاب متعارف کرایا جس کی افادیت عالمی سطح پر تسلیم کی گئی۔ اس نصاب کا اعجاز تھا کہ آپ کے شاگردوں کو دنیائے اسلام کی سب سے بڑی یونیورسٹی جامعہ الازہر مصر میں اعزاز کے ساتھ داخلہ کی سہولتیں حاصل ہو گئیں۔

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کے وہ جلیل القدر فرزند جنہوں نے بیرون ملک جا کر اپنے گہوارۂ علمی کی لاج رکھی اور اس کی شہرت میں مزید اضافہ کیا ان میں سے دو ممتاز علماء کا تعارف کرواتے ہوئے میں روحانی کیف بھی محسوس کر رہا ہوں اور اس خوشگوار فریضہ کی ادائیگی پر نظریاتی و فکری لذت سے شادکام بھی ہو رہا ہوں۔ یہ دونوں نوجوان علماء زیب نظر کتاب تسہیل الانشاء کے مؤلف اور عربی ادب وانشاء کا روشن حوالہ ہیں۔

مولانا محمد سعید الازہری ضلع فیصل آباد کے ایک گاؤں 439 مہالم میں جناب حکیم جمال الدین کے ہاں 1965ء میں پیدا ہوئے۔ میٹرک کا امتحان 1981ء میں پاس کیا۔ اور اپنے شفیق و مہربان باپ کی خواہش کے مطابق اسی سال دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف داخل ہوئے۔ خوش مزاج، خوش پوش و خوش شکل محمد سعید اپنی خداداد ذہانت اور متین طبیعت کے باعث اپنے اساتذہ کی نظروں میں مقبول ہوتے گئے۔ اور پھر وہ وقت آیا کہ 1989ء میں مرکزی ادارہ سے فراغت پانے کے بعد جامعہ الازہر کے لئے سلیکٹ ہو گئے اور وہاں شعبہ ادب عربی میں داخلہ لیا۔ کسی بھی عجمی طالب علم کے لئے عربی ادب و لغت میں کمال حاصل کرنا خاصا دشوار ہوتا ہے۔ مولانا محمد سعید پر اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے کہ انہوں نے جامعہ الازہر کے سالانہ امتحانات میں اپنے شعبہ ادب عربی میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے اپنے ملک اور ادارہ کا نام بلند کیا۔ آپ اس وقت مرکزی دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کے شعبہ ادب وانشاء میں تدریس کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

محترم ومکرم مولانا محمد اکرم الازہری کا آبائی تعلق لاہور سے ہے سن پیدائش 1961ء ہے 1977ء میں مسلم ہائی سکول لاہور کینٹ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ کچھ مدت گھریلو مشاغل میں مصروف رہے۔ مقدر نے یاوری کی اور علمی ذوق نے بھیرہ کی روشن اور جگمگ شاہراہ کا مسافر بنادیا۔

1982ء سے 1989ء تک دارالعلوم محمدیہ غوثیہ میں بحیثیت طالب علم رہے اور ایک سال تدریس کے فرائض سرانجام دیئے۔ 1990ء میں طلبہ کا قافلہ سوئے جامعہ ازہر روانہ ہوا تو محمد اکرم الازہری نے آگے بڑھ کر قیادت سنبھال لی۔ قیام ازہر کے دوران بے مثل جدوجہد اور پیہم محنت کے باعث طلبہ اور اساتذہ کی نگاہوں میں بلند مقام حاصل کیا۔ قواعد نحو میں خصوصی دلچسپی تھی اس حوالے سے منعقدہ ایک مقابلہ میں اول پوزیشن حاصل کر کے گرانقدر انعام حاصل کیا۔

1994ء میں جامعہ ازہر سے فراغت پائی۔ اور حضور ضیاء الامت حضرت پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری رحمتہ اللہ علیہ کے حسب ارشاد کچھ مدت کے لئے مرکزی دارالعلوم میں تدریس کے فرائض سرانجام دیئے۔ جب بادامی باغ لاہور میں دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کا قیام عمل میں آیا تو اساتذہ کی نظر انتخاب علم و ادب کے اس شہباز کی جانب اٹھی۔ سراپا اخلاص اور نیاز مند محمد اکرم الازہری نے سعادت سمجھتے ہوئے اس حکم کی تعمیل کی اور اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان اور اس کے حبیب لبیب ﷺ کی نظر عنایت سے تھوڑے ہی وقت میں دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بادامی باغ لاہور کو علم و دانش کا مرکز بنادیا۔

تسہیل الانشاء کی ترتیب و تالیف میں دونوں اساتذہ نے لگاتار محنت اور عرق ریزی سے کام لے کر اسے انتہائی مفید بنادیا ہے۔ میری دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان علم دوست فضلاء کو مزید جولانیاں عطا کرے اور دینی علوم کی بیش از بیش خدمت کی توفیق ارزانی فرمائے۔

پیر محمد امین الحسنات شاہ

سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت امیر السالکین رحمتہ اللہ علیہ

پرنسپل مرکزی دارالعلوم محمدیہ غوثیہ۔ بھیرہ شریف،

ضلع سرگودھا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین و علی آلہ واصحابہ اجمعین و بعد

عربی زبان پر اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت ہے کہ اس نے اس عظیم الشان زبان کو اپنی آخری وحی قرآن کریم کے متحمل ہونے کا شرف بخشا۔ اس زبان کا انتخاب بلاوجہ نہیں بلکہ جب عربی زبان پروان چڑھتے ہوئے فصاحت وبلاغت، استعداد وصلاحیت کے اس اعلیٰ معیار پر پہنچی جہاں وہ وحی الٰہی کی متحمل ہو سکتی تھی تو اس میں آخری پیغام ہدایت قرآن مجید نازل کر دیا گیا۔ قرآن وحدیث اور دیگر اسلامی علوم وفنون کی زبان ہونے کے ناطے ایک مسلمان کی اس زبان کے ساتھ عقیدت، وابستگی اور دلچسپی ایک فطری امر ہے۔

دوسرے پہلو سے اگر دیکھا جائے تو یہ بات عیاں ہو گی کہ عربی ایک ترقی یافتہ، زندہ، جامع اور کامل زبان ہے جو تمام لسانی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ ہر قسم کے اظہار خیال کا ایک موثر ذریعہ ہے۔ اس کا دامن ہر قسم کی فکری، لفظی اور معنوی خوبیوں سے مالا مال ہے۔ اگر اس نے قدیم زمانے کی ترقی یافتہ اقوام کے علوم وفنون اور آداب کو کشادہ ظرفی کے ساتھ اپنے اندر جذب کیا ہے تو اب عصر حاضر کی علمی تحقیقات اور ادبی کاوشوں کو اپنے اندر سمو لینے میں ذرا بھی بخل سے کام نہیں لے رہی۔

جو شخص دینی علوم اور قرآن وحدیث کے بحر زخار میں غواصی کرنا چاہتا ہے، قدیم اور جدید علوم وفنون اور آداب کے چشمہ شیریں سے اپنی علم کی پیاس بجھانا چاہتا ہے تو اس پر ضروری ہے کہ وہ اس زبان کے ساتھ اپنا تعلق استوار کرے اور اپنی تمام توانائیاں اور صلاحیتیں اس کے سیکھنے کے لئے خرچ کرے تاکہ اسے خود اس زبان کی جامعیت، اکملیت، وسعت اور ہمہ گیری کا اندازہ ہو سکے اور وہ اس زبان کی حلاوت اور شیرینی سے شادکام ہو۔ علاوہ ازیں اسلامی ممالک خصوصاً عرب ممالک کے ساتھ روابط مستحکم کرنے کے لئے اس زبان کا سیکھنا از حد ضروری ہے۔

ان مقاصد کے پیش نظر اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ عربی زبان سکھانے اور تحریر و تقریر میں مہارت حاصل کرنے کے لئے ایک منظم اور مربوط کاوش از حد ضروری ہے۔ کیونکہ پاکستان کے اکثر دینی مدارس میں یہ دیکھا گیا ہے کہ وہ فضلاء اور مدرسین جنہوں نے اپنی زندگیاں علوم دینیہ کی درس و تدریس کے لئے وقف کر رکھی ہیں، اگر چند جملے لکھنے یا بولنے پڑ جائیں تو انہیں بڑی دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس لئے کہ انہیں عربی انشاء اور تحریر و تقریر کی مشق نہیں ہوتی۔

ہمیں عصر حاضر کی عظیم علمی درسگاہ دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف میں علمی منازل طے کرنے کی سعادت نصیب ہوئی، مفسر قرآن مفکر اسلام ضیاء الامت حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمہ اللہ کے زیر سایہ اکتساب فیض کا شرف حاصل ہوا۔ اس تعلیمی عرصہ کے دوران دوسرے علوم و فنون کے ساتھ ساتھ فن انشاء کی کئی کتابیں پڑھنے کا موقع ملا، متعدد کتابوں کا جائزہ لیا، لیکن ایک تشنگی باقی رہی، کیونکہ یہ کتب فن انشاء کی ضروریات اور مقاصد کو پورا نہیں کرتیں۔ ہر کتاب میں کسی خاص پہلو پر زور دیا گیا ہے، بعض کتابوں میں صرف قدیم عربی ملے گی اور بعض کتابوں میں طلبہ کے ذہنی افق کو پیش نظر رکھے بغیر ہر ہر سبق میں اس قدر جدید بھاری بھر کم الفاظ لائے گئے ہیں کہ طلبہ دیکھتے ہی خوفزدہ ہو جاتے ہیں اور اکثر کتابیں ایسی ہیں جو فن انشاء کے معیار پر پورا نہیں اترتیں۔ اس لئے دور طالب علمی ہی سے ایک ایسی کتاب کی ضرورت محسوس ہوتی رہی جو انشاء کے جملہ مقاصد کو پورا کرتی ہو۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمیں عالم اسلام کی قدیم ترین یونیورسٹی جامعہ ازہر (مصر) میں چار سال تعلیم کے حصول کا موقعہ میسر آیا۔ اس دوران ہمیں مسلسل انشاء سے متعلقہ کتب کی جستجو رہی۔ قاہرہ کا کوئی مکتبہ ہم نے نہیں چھوڑا کہ جہاں ایسی کتابیں تلاش نہ کی ہوں۔ واپس وطن آتے ہوئے دوسری کتب کے ساتھ فن انشاء کی متعدد کتب بھی اپنے ساتھ لائے جن سے ہم نے بھرپور استفادہ کیا اور طلبہ کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر "تسہیل الانشاء" کے نام سے چار اجزاء میں کتاب مرتب کی۔

یہ کتاب قدیم اور جدید عربی زبان کا حسین امتزاج ہے۔ اس میں تدریجاً عربی زبان

سکھانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اسے ترتیب دیتے وقت طلبہ کی ذہنی استعداد کو مد نظر رکھا گیا ہے۔ پہلے حصہ کا آغاز چھوٹے چھوٹے، سادہ اور سلیس جملوں سے ہوتا ہے اور شروع میں صرف صحیح افعال کے استعمال کا التزام کیا ہے۔ اگلے حصوں میں درجہ بدرجہ معیار کو بڑھانے کی کوشش کی ہے۔ طلبہ کی ذہنی استعداد کو بڑھانے، فکری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور عربی بول چال کا ملکہ پیدا کرنے کیلئے ہر سبق کے آخر میں تمرینات دی گئی ہیں۔ تیسرے اور چوتھے حصہ میں مختلف موضوعات پر خطوط، درخواستیں، کہانیاں اور مضامین بھی شامل ہیں۔ آخری حصہ میں قواعد املاء اور رموز اوقاف کے متعلق نہایت ہی اہم اور مفید معلومات درج کی گئی ہیں۔

کتاب کو دلچسپ، تعمیری اور بامقصد بنانے کی کوشش کی گئی ہے، اور اخلاقی پہلو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ اس طرز پر تربیت کی کوشش کی گئی ہے کہ اس کو پڑھنے والا ایک اچھا طالب علم، ایک مثالی مسلمان، اور ایک بے نظیر شہری بن سکے۔ قرآن وحدیث سے کچھ حصہ نقل کر کے طلبہ کو اس بات کا موقعہ فراہم کیا ہے کہ وہ ایک طرف بلاغت قرآن وحدیث کی تابانیوں سے اپنے قلوب واذھان کو منور کریں اور دوسری طرف مکارم اخلاق کے زریں اصولوں سے بھی روشناس ہوں۔ ضرب الامثال اور حکیمانہ مقولوں کے ذریعے حکمت اور دانشمندی کی طرف دعوت دی گئی ہے۔ کچھ قصے کہانیاں اور لطائف کے ساتھ دلچسپی کا سامان بھی فراہم کر دیا گیا ہے۔ ہماری دانست میں یہ ایک جامع کتاب ہے جو انشاء کے معاملے میں تمام ضروریات کے لئے کافی ہے۔

اساتذہ کرام کی خدمت میں گذارش

☆ طلبہ کی خفیہ صلاحیتوں کو بیدار کرنے اور علوم و فنون میں مہارت کاملہ حاصل کرنے کے لئے ایک استاد کا کردار کلیدی حیثیت کا حامل ہے۔ ایک معلم کے لئے بنیادی شرط یہ ہے کہ اسے اپنے فن کے ساتھ لگاؤ ہو، اور وہ محنت اور خلوص سے اس فن کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش کرے۔

☆ "تسہیل الانشاء" شروع کروانے سے پہلے ضروری ہے کہ طلبہ کو پہلے چند دن

عربی زبان سے متعارف کروایا جائے، اور صرف و نحو کے بنیادی قواعد سے انہیں روشناس کیا جائے۔ مزید بر آں عربی کے چند عام جملوں کے ذریعے عربی زبان سیکھنے کی طرف راغب کیا جائے۔

☆ سبق شروع کرنے سے پہلے اس کا تعارف اور اس سبق سے متعلق معلومات بہم پہنچانا لازمی امر ہے۔

☆ استاد خود عبارت پڑھ کر لڑکوں کو بتائے کہ عبارت کو کس طرح روانی سے پڑھنا چاہئے۔ اور صحیح تلفظ کی پابندی کی جائے۔

☆ استاد محبت اور شفقت کے ساتھ طلبہ کی رہنمائی کرے۔ ان میں عربی زبان سیکھنے کا شوق بیدار کرے۔ اور انہیں پابند بنائے کہ پڑھا ہوا سبق یاد کر کے آئیں اور اگلے سبق کا مطالعہ کر کے آئیں۔

☆ تقویم لسان اور عربی میں گفتگو کرنے کے لئے تمارین بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہیں۔ سوال جواب کا سلسلہ اس غرض کے حصول کے لئے بڑا مددو معاون ثابت ہو گا۔ طلبہ کی ذہنی استعداد کو مد نظر رکھ کر عربی میں گفتگو کے لئے کچھ وقت ضرور نکالنا چاہئے۔ اور اپنی طرف سے چھوٹے چھوٹے اور آسان جملے بنانے کا طلبہ کو مکلّف بنانا بہت ضروری ہے۔

☆ آسانی کے لئے عبارت پر اعراب لگا دیئے گئے ہیں اور مشکل الفاظ کے معانی آخر میں دے دیئے گئے ہیں۔

☆ اللہ تعالیٰ ہماری اس حقیری سی کوشش کو منظور فرمائے۔ اور اس کتاب کو مقبول بنائے۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم وتب علينا انك انت التواب الرحيم۔ و صلى الله على سيدنا ومولانا محمد خاتم الانبياء والرسل و على آله و اصحابه اجمعين إلى يوم الدين۔

المؤلفان

محمد سعید الأزہری، محمد اکرم الأزہری۔

چند ضروری اصطلاحات

حرکت : زبر، زیر اور پیش میں سے ہر ایک کو حرکت کہتے ہیں اور جس حرف پر حرکت ہو اسے متحرک کہتے ہیں۔

فتحہ، نصب : زبر (ـَـ) کو فتحہ یا نصب کہا جاتا ہے۔

جس حرف پر زبر ہو اسے مفتوح یا منصوب کہتے ہیں۔

ضمہ، رفع : پیش (ـُـ) کو ضمہ یا رفع کہتے ہیں۔

جس حرف پر پیش ہو اسے مضموم یا مرفوع کہا جاتا ہے

کسرہ، جر : زیر (ـِـ) کو کسرہ یا جر کہتے ہیں۔

زیر والے حرف کو مکسور یا مجرور کہا جاتا ہے۔

سکون، جزم : حرکت نہ ہونے کو سکون یا جزم کہتے ہیں۔ جس حرف پر حرکت نہ ہو اسے ساکن یا مجزوم کہتے ہیں۔

تنوین : دو زبر (ـً)، دو زیر (ـٍ) اور دو پیش (ـٌ) میں سے ہر ایک کو تنوین کہتے ہیں۔

مشدد : جس حرف پر شد (ـّ) ہو اسے مشدد کہتے ہیں۔

لفظ : جو بات انسان کے منہ سے نکلے اسے لفظ کہتے ہیں خواہ وہ با معنی ہو یا بے معنی

کلمہ : با معنی لفظ کو کلمہ کہتے ہیں۔

کلمہ کی اقسام : کلمہ کی تین قسمیں ہیں (۱) اسم (۲) فعل (۳) حرف

اسم : کسی چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔ مثلاً رَجُلٌ (مرد)، خَالِدٌ ، قَلَمٌ۔

فعل : کسی زمانہ میں کام کے واقع ہونے کو فعل کہتے ہیں۔ مثلاً کَتَبَ (اس نے لکھا) یَکْتُبُ (وہ لکھتا ہے یا لکھے گا)، اُکْتُبْ (تو لکھ)۔

حرف : جو اکیلا اپنا معنی ظاہر نہ کرے جیسے مِنْ (سے)، فی (میں)

واحد : ایک چیز کو واحد کہتے ہیں جیسے جَبَلٌ (پہاڑ)۔ مُسْلِمٌ۔

تثنیہ : دو چیزوں کو تثنیہ کہتے ہیں جیسے جَبَلَانِ (دو پہاڑ)۔مُسْلِمَانِ۔

جمع : دو سے زائد چیزوں کو جمع کہتے ہیں جیسے جِبالٌ (بہت سے پہاڑ)مُسْلِمُوْنَ۔

مذکر : وہ اسم جس میں تانیث کی علامت نہ ہو جیسے کِتَابٌ۔ رجلٌ۔

مونث : وہ اسم جس میں تانیث کی کوئی علامت ہو جیسے شَجَرَۃٌ (درخت)،سَلْمی، صَحْرَاءُ۔

نکرہ : غیر معین چیز کو نکرہ کہتے ہیں مثلاً کتابٌ۔ رجلٌ۔

معرفہ : معین چیز کو معرفہ کہا جاتا ہے جیسے الرّجلُ۔ خالد۔

مفرد : وہ اکیلا لفظ جو اپنا معنی ظاہر کرے جیسے رَجُلٌ۔ کَتَبَ۔

مرکب : دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا مجموعہ مرکب کہلاتا ہے۔

مرکب کی اقسام : مرکب کی دو قسمیں ہیں۔

(۱)مرکب مفید : دو یا دو سے زائد کلمات کا وہ مجموعہ جس سے بات پوری طرح سمجھ میں آجائے،اس کو جملہ اور کلام بھی کہتے ہیں۔ مثلاً القلمُ جَدِیْدٌ (قلم نیا ہے)۔

(۲)مرکب غیر مفید : دو یا دو سے زائد کلمات کا وہ مجموعہ جس سے بات پوری طرح سمجھ میں نہ آئے۔اس کی کئی اقسام ہیں جن میں سے اہم یہ ہیں۔

(ا)مرکب اضافی : وہ مرکب جس میں پہلے جز کی نسبت دوسرے جز کی طرف کی جاتی ہے۔ پہلے جز کو مضاف اور دوسرے جز کو مضاف الیہ کہتے ہیں۔ مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے مثلاً کِتابُ خَالِدٍ (خالد کی کتاب)۔

(ب)مرکب توصیفی : وہ مرکب ہے جس میں دوسرا جز پہلے جز کی صفت بیان کرے پہلے جز کو موصوف اور دوسرے کو صفت کہتے ہیں، مثلاً۔ کِتابٌ جَدِیْدٌ (نئی کتاب)۔

نوٹ : موصوف اور صفت کا اعراب (آخر میں زبر، زیر، پیش) ایک جیسا ہوتا ہے۔

موصوف اگر نکرہ ہو تو صفت بھی نکرہ ہوگی جیسے کتابٌ حدیدٌ۔

اگر موصوف معرفہ ہو تو صفت بھی معرفہ ہوگی جیسے اَلْکتابُ الجَدِیْدُ۔

موصوف اگر مذکر ہو تو صفت بھی مذکر ہو گی جیسے کِتابٌ جدیدٌ۔

موصوف اگر مونث ہو تو صفت بھی مونث ہو گی جیسے شَجرَةٌ طَوِیْلَةٌ۔

اور اسی طرح واحد، تثنیہ اور جمع میں موصوف اور صفت کا باہم مطابق ہونا ضروری ہے۔

جملہ اسمیہ : وہ ہوتا ہے جس کا پہلا جز اسم ہو۔اس کے پہلے جز کو مبتدا کہتے ہیں اور دوسرے جز کو خبر کہتے ہیں۔ مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں جیسے۔القلمُ جَدِیْدٌ۔

مبتدا اور خبر کا مندرجہ ذیل چیزوں میں باہم مطابق ہونا ضروری ہے۔

(۱)واحد : اَلطَّالِبُ مُجْتَهِدٌ (طالب علم محنتی ہے)

(۲)تثنیہ : الطَّالبانِ مُجْتَهِدَانِ (دو طالب علم محنتی ہیں)

(۳)جمع : اَلطُّلاَّبُ مُجْتَهِدُوْنَ (طلبہ محنتی ہیں)

(۴)مذکر : الطالبُ مُجتهدٌ

(۵)مونث : اَلطَّالِبَةُ مُجْتَهِدَةٌ (طالبہ محنتی ہے)

جملہ فعلیہ :وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز فعل ہو جیسے جَلَسَ خالدٌ (خالد بیٹھا)

اس مثال میں "جَلَسَ" فعل ہے اور "خالد" اس کا فاعل ہے۔

اَکَلَ خَالِدٌ الْخُبْزَ (خالد نے روٹی کھائی)۔

اس مثال میں "أَکَلَ" فعل، "خالد" اس کا فاعل اور "الخبز" مفعول ہے۔

نوٹ : فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے اور مفعول منصوب۔

فاعل :کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔

مفعول :وہ ہوتا ہے جس پر کام واقع ہو۔

فعل کی اقسام :

(۱)فعل ماضی :وہ فعل ہے جس میں گذشتہ زمانہ پایا جائے جیسے ذَھَبَ (وہ گیا)۔

(۲)فعل مضارع :وہ فعل ہے جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جاتے ہوں مثلاً یَذْھَبُ (وہ جاتا ہے یا جائے گا)۔

فعل امر :وہ فعل ہے جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے جیسے اِذْھَبْ (جاؤ)

فعل نہی :وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے منع کیا جائے جیسے لا تَذْھَبْ (مت جاؤ)

فعل معروف :وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ خالداً (زید نے خالد کو مارا)

اس مثال میں زید فاعل ہے اور ضرب فعل معروف ہے۔

فعل مجہول :اس فعل کو کہتے ہیں جس کا فاعل معلوم نہ ہو جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ (زید کو مارا گیا)

اس مثال میں ضُرِبَ فعل مجہول ہے۔

متکلم : بات کرنے والے کو کہتے ہیں۔

حاضر : جس سے بات کی جائے۔

غائب : جس کے متعلق بات کی جائے۔

اَلدَّرْسُ الْأَوَّلُ

واحد اور تثنیہ

تثنیہ	واحد
كِتَابَانِ	كِتَابٌ
قَلَمَانِ	قَلَمٌ
كُرْسِيَّانِ	كُرْسِيٌّ
بَابَانِ	بَابٌ
كُرَّاسَتَانِ	كُرَّاسَةٌ
بَقَرَتَانِ	بَقَرَةٌ
شَجَرَتَانِ	شَجَرَةٌ
صُوْرَتَانِ	صُوْرَةٌ
دَوَاتَانِ	دَوَاةٌ
رَجُلَانِ	رَجُلٌ

تَمْرِيْن (مشق)

۱۔ مندرجہ ذیل کلمات سے تثنیہ بنائیں۔

شجرة- رجلٌ- كرّاسة- قلم- بابٌ-

۲۔ مندرجہ ذیل کلمات کے مفرد بتائیں:

كتابان- كرسيان- بقرتان- صورتان- دواتان-

۳۔ درج ذیل کلمات کا عربی میں ترجمہ کریں۔

دروازہ۔ کاپی۔ دو درخت۔ تصویر۔ دو آدمی۔

اَلدَّرْسُ الثَّانِی

واحد اور جمع

جمع	واحد
مُسْلِمُوْنَ	مُسْلِمٌ
جَالِسُوْنَ	جَالِسٌ
كَاتِبُوْنَ	كَاتِبٌ
مُسْلِمَاتٌ	مُسْلِمَةٌ
جَالِسَاتٌ	جَالِسَةٌ
كَاتِبَاتٌ	كَاتِبَةٌ
عُلَمَاءُ	عَالِمٌ
جِبَالٌ	جَبَلٌ
كُتُبٌ	كِتَابٌ
مَسَاجِدُ	مَسْجِدٌ

تَمْرِيْن

١۔ درج ذیل الفاظ سے جمع بنائیں۔

عالم۔ جالسة۔ کتاب۔ جبل۔ مسلمة۔

٢۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے مفرد لائیں۔

مساجد۔ کاتبون۔ مسلمون۔ کتبٌ۔ کاتبات۔

٣۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

(بہت سے) پہاڑ۔ مسلمان۔ لکھنے والا۔ مسجدیں۔ بیٹھنے والیاں۔ کتابیں۔

اَلدَّرسُ الثَّالِثُ

مُرکّبِ اِضافی

مرکب اضافی	مضاف	مضاف الیہ
قَلَمُ خَالِدٍ	قلم	خالد
مِفْتَاحُ الْبَابِ	مفتاح	الباب
غُصْنُ الشَّجَرَةِ	غصن	الشجرة
لِسَانُ الرَّجُلِ	لِسان	الرجل
حَلِيْبُ الْبَقَرَةِ	حليب	البقرة
آيَةُ الْقُرْآنِ	آية	القرآن
صُوْرَةُ الطَّالِبِ	صورة	الطالب
حَدِيْقَةُ نَاصِرٍ	حديقة	ناصر
شَجَرَةُ التُّفَّاحِ	شجرة	التفاح
صِحَّةُ الإِنْسَانِ	صحة	الإنسان

تمرین

۱۔ مناسب مضاف لگا کر خالی جگہ پر کریں۔

...... البقرة- ......الطالب- ......الإنسان- ...... القرآن-

۲۔ خالی جگھوں میں مضاف الیہ لگائیں۔

مِفتاح...... - حَديقة...... - غُصن...... - صِحة...... -

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

ناصر کا باغیچہ۔ گائے کا دودھ۔ درخت کی ٹہنی۔ طالب علم کی تصویر۔ دروازے کی چابی۔ انسان کی زبان۔

الدَّرسُ الرَّابِعُ

مُركّبِ تَوْصِیْفِی

مرکب توصیفی	موصوف	صفت
وَلَدٌ مُجْتَہِدٌ	ولد	مجتهد
بَیْتٌ نَظِیْفٌ	بیت	نظیف
قَلَمٌ جَمِیْلٌ	قلم	جمیل
اَلْبَابُ الْجَدِیْدُ	الباب	الجدید
اَلْکِتَابُ الْمُفِیْدُ	الکتاب	المفید
شَجَرَۃٌ طَوِیْلَۃٌ	شجرۃ	طویلۃ
بَقَرَۃٌ سَمِیْنَۃٌ	بقرۃ	سمینۃ
سَیَّارَۃٌ سَرِیْعَۃٌ	سیارۃ	سریعۃ
اَلمَدِیْنَۃُ الْمُنَوَّرَۃُ	المدینۃ	المنورۃ
اَلْحَدِیْقَۃُ الْمُثْمِرَۃُ	الحدیقۃ	المثمرۃ

تمرین

۱۔ صفت لگا کر خالی جگہ پر کریں۔

ولد......۔ الباب......۔ حدیقۃ......۔ الکتاب......

۲۔ مناسب موصوف لگا کر خالی جگہ پر کریں۔

......سَمِیْنَۃٌ۔ ......النظیف۔ ......المنورۃ۔ ......سریعۃ۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

نئی کتاب۔ موٹی گائے۔ پھلدار باغیچہ۔ لمبا درخت۔ مفید کتاب۔ محنتی لڑکا۔ خوبصورت قلم۔

اَلدَّرْسُ الخَامِسُ

مرکب توصیفی

مرکب توصیفی	موصوف	صفت
رَجُلَانِ صَالِحَانِ	رجلان	صالحان
تِلْمِيْذَانِ مُجْتَهِدَانِ	تلميذان	مجتهدان
بَابَانِ مَفْتُوحَانِ	بابان	مفتوحان
بِنْتَانِ مُهَذَّبَتَانِ	بنتان	مهذبتان
اَلدَّرَّاجَتَانِ الْجَدِيْدَتَانِ	الدراجتان	الجديدتان
رِجَالٌ صَالِحُوْنَ	رجال	صالحون
اَلْمُسْلِمُوْنَ الْمُخْلِصُوْنَ	المسلمون	المخلصون
اَلْبَنَاتُ الْمُهَذَّبَاتُ	البنات	المهذّبات
أَقْلَامٌ جَدِيْدَةٌ	أقلام	جديدة
كُتُبٌ رَخِيْصَةٌ	كتب	رخيصة

تمرین

۱۔ مرکب توصیفی کی چار مثالیں لائیں جن میں موصوف تثنیہ ہو۔

۲۔ مرکب توصیفی کی تین مثالیں ذکر کریں جن میں موصوف جمع ہو۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

دو نئی سائیکلیں۔ مہذب لڑکیاں۔ دو کھلے دروازے۔ سستی کتابیں۔ دو نئے قلم۔

الدَّرْسُ السَّادِسُ

ضمائر (۱)

ضمائر	جملہ
هُوَ	هُوَ جَمَلٌ
هُمَا	هُمَا تِلْمِيْذَان
هُمْ	هُمْ مُعَلِّمُوْنَ
هِيَ	هِيَ مَدْرَسَةٌ
هُمَا	هُمَا بنتانِ
هُنَّ	هُنَّ طَالِبَاتٌ

هُوَ عَامِلٌ۔ هُمَا بَيْتَانِ۔ هُمْ مُسْلِمُوْنَ۔

هِيَ طَاوِلَةٌ۔ هُمَا سَيَّارَتَانِ۔ هُنَّ مُعَلِّمَاتٌ

تمرین

۱۔ خالی جگہوں میں ضمائر لگائیں۔

...... بَقَرَةٌ۔ ......بَابٌ۔ ...... قلمانِ۔ ......طالباتٌ۔

...... سَيَّارَتَانِ۔ ......رِجَالٌ۔

۲۔ مناسب کلمات کے ساتھ خالی جگہیں پر کریں۔

هُمْ......۔ هِيَ......۔ هُمَا......۔ هُنَّ......۔ هُوَ......

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

وہ مدرسہ ہے۔ وہ مزدور ہے۔ وہ میز ہے۔ وہ دو گاڑیاں ہیں۔ وہ مسلمان ہیں۔ وہ دو سائیکلیں ہیں۔ وہ گائیں ہیں۔ وہ دو گھر ہیں۔

الدَّرْسُ السَّابِعُ

ضمائر (ب)

ضمائر	جمله
أَنْتَ	أَنْتَ طَبِيْبٌ
أَنْتُمَا	أَنْتُمَا فَلاَّحَانِ
أَنْتُمْ	أَنْتُم تُجَّارٌ
أَنْتِ	أَنْتِ طَبِيْبَةٌ
أَنْتُمَا	أَنْتُمَا بِنْتَانِ
أَنْتُنَّ	أَنْتُنَّ أُمَّهَاتٌ

أَنْتَ صَغِيْرٌ- أَنْتُما صَادِقَانِ- أَنْتُمْ جَالِسُوْنَ-

أَنْتِ صَغِيْرَةٌ- أَنْتُمَا مُعَلِّمَتَانِ- أَنْتُنَّ صَالِحَاتٌ

تمرین

ا۔ خالی جگہوں میں ضمائر لگائیں۔

...... أُمَّهَاتٌ- ...... فَلاَّحَانِ- ...... تُجَّارٌ- ...... طَبِيْبَةٌ-

...... جَالِسَتَانِ-

۲۔ مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو پر کریں۔

أَنتِ......- أَنتنَّ......- أَنْتُمَا......- أَنْتُمْ......-

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

تم (دونوں) تاجر ہو۔ تم (سب) کسان ہو۔ تم چھوٹی ہو۔ تو بڑا ہے۔ تم (سب) بچے ہو۔ تم دو (عورتیں) ڈاکٹر ہو۔ تم (سب عورتیں) محنتی ہو۔

الدَّرْسُ الثَّامِنُ

ضمائر (ج)

ضمائر	جمله
أَنَا	أَنَا مُهَنْدِسٌ
أَنَا	أَنَا مُمَرِّضَةٌ
نَحْنُ	نَحْنُ مُهَنْدِسُوْنَ
نَحْنُ	نَحْنُ مُمَرِّضَاتٌ

أَنَا تَاجِرٌ وَأَنْتَ طَبِيْبٌ۔ نَحْنُ فَلاَّحُوْنَ وأَنْتُمْ مُعَلِّمُوْنَ

هُوَ جَبَلٌ وَهِيَ حُقُوْلٌ۔ هُمْ سَيَّاحُوْنَ ونَحْنُ مُمَرِّضَاتٌ

أَنَا صَغِيْرٌ وأَنْتَ كَبِيْرٌ۔ هُمَا جَالِسَانِ وأَنْتُمَا قَائِمَانِ

تمرین

۱۔ "أنا" اور "نحن" کے چار جملے بنائیں۔

۲۔ مخاطب کی ضمائر کتنی ہیں، انہیں جملوں میں استعمال کریں۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

میں مسلمان ہوں۔ تو طالب علم ہے۔ ہم ڈاکٹر ہیں۔ میں نرس ہوں۔ وہ (دونوں) سیاح ہیں۔ وہ چھوٹا ہے اور میں بڑا ہوں۔ تم (سب) بیٹھے ہو۔ ہم کھڑے ہیں۔ تم (دونوں) انجینئر ہو۔ وہ (سب) تاجر ہیں۔

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ

جملہ اسمیہ (۹)

جملہ اسمیہ	مبتدا	خبر
اَلْمَاءُ بَارِدٌ	الماء	بارد
الحليبُ سَاخِنٌ	الحليب	ساخن
الْمَطَرُ غَزِيْرٌ	المطر	غزير
اَلْقَلَمُ جَدِيْدٌ	القلم	جديد
الْوَلَدُ صَغِيْرٌ	الولد	صغير
الرَّجُلُ جَالِسٌ	الرجل	جالس
اَلطَّالِبُ وَاقِفٌ	الطالب	واقف
الدَّوَاءُ نَافِعٌ	الدواء	نافع
الدَّرْسُ سَهْلٌ	الدرسُ	سهل
اللَّحْمُ رَخِيْصٌ	اللحم	رخيص

جب مبتدا مفرد ہو تو خبر بھی مفرد ہوتی ہے، اور اسی طرح جب مبتدا مذکر ہو تو خبر بھی مذکر ہوتی ہے۔

تمرین

۱۔ مندرجہ ذیل کلمات کی مناسب خبر لائیں۔

الدواءُ۔ اللحم۔ المطر۔ الماء۔ الطالب۔

۲۔ درج ذیل کلمات کے ساتھ مناسب مبتدا لگائیں۔

ساخن۔ جدید۔ واقف۔ سھل۔ جالس۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

سبق آسان ہے۔

دودھ ٹھنڈا ہے۔

پانی گرم ہے۔

قلم قیمتی ہے۔

طالب علم کھڑا ہے۔

ڈاکٹر بیٹھا ہے۔

کتاب نئی ہے۔

بارش موسلا دھار ہے۔

اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ

جملہ اسمیہ (ب)

خبر	مبتدا	جملہ اسمیہ
سریعان	الجملان	اَلْجَمَلَانِ سَرِيْعَانِ
مجتهدان	التلميذان	التِّلْمِيْذَانِ مُجْتَهِدَانِ
مغلقان	البابان	اَلْبَابَانِ مُغْلَقَانِ
قويان	الفرسان	الْفَرَسَانِ قَوِيَّانِ
نظيفان	الْبَيْتَانِ	الْبَيْتَانِ نَظِيْفَانِ
شجاعان	الأسدان	الأَسَدَانِ شُجَاعَانِ
ثمينان	القلمان	القَلَمَانِ ثَمِيْنَانِ
مثمران	البستانان	الْبُسْتَانَانِ مُثْمِرَانِ
جميلان	الطائران	الطَّائِرَانِ جَمِيْلَانِ
طويلان	الرجلان	الرَّجُلَانِ طَوِيْلَانِ

جب مبتدا تثنیہ ہو تو خبر بھی تثنیہ ہوتی ہے۔

تمرین

۱۔ جملہ اسمیہ کی ایسی پانچ مثالیں لائیں جن میں مبتدا اور خبر دونوں تثنیہ ہوں۔

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

دو دروازے کھلے ہیں۔

دو قلم نئے ہیں۔

دو پرندے خوبصورت ہیں۔

دو مزدور محنتی ہیں۔

دو باغ پھلدار ہیں۔

دو طالب علم کھڑے ہیں۔

دو گھوڑے تیز رفتار ہیں۔

دو بچے چھوٹے ہیں۔

دو کتابیں قیمتی ہیں۔

دو آدمی نیک ہیں۔

اَلدَّرْسُ الْحَادِیَ عَشَرَ

جملہ اسمیہ (ج)

جملہ اسمیہ	مبتدا	خبر
اَلْأَطْفَالُ لَاعِبُوْنَ	الأطفال	لاعبون
اَلْمُهَنْدِسُوْنَ مَاهِرُوْنَ	المهندسون	ماهرون
اَلْأَصْدِقَاءُ مُخْلِصُوْنَ	الأصدقاء	مخلصون
اَلْأَنْبِيَاءُ صَادِقُوْنَ	الأنبياء	صادقون
اَلتُّجَّارُ رَابِحُوْنَ	التجار	رابحون
اَللَّاعِبُوْنَ سَابِحُوْنَ	اللاعبون	سابحون
اَلْحُرَّاسُ سَاهِرُوْنَ	الحُرّاس	ساهرون
اَلْفُقَرَاءُ مُحْتَاجُوْنَ	الفقراء	محتاجون
اَلْأَوْلَادُ نَائِمُوْنَ	الأولاد	نائمون
اَلْإِخْوَةُ مَسْرُوْرُوْنَ	الإخوة	مسرورون

...ب مبتدا جمع ہو تو خبر بھی جمع ہوتی ہے۔

تمرین

۱۔ مبتدا اور خبر کی پہچان کریں۔

التجّارُ رَابحونَ- اِلحُرّاس ساهرون- المهندسون ماهرون-

الأولاد نائمون-

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

ڈاکٹر ماہر ہیں۔

کھلاڑی سو رہے ہیں۔

طالب علم جاگ رہے ہیں۔

بھائی مخلص ہیں۔

دوست خوش ہیں۔

بچے تیر رہے ہیں۔

پہریدار سوئے ہوئے ہیں۔

اساتذہ سچے ہیں۔

تاجر مسلمان ہیں۔

فقراء نیک ہیں۔

الدَّرْسُ الثَّانِی عَشَرَ

جملہ اسمیہ (د)

جملہ اسمیہ	مبتدا	خبر
فَاطِمَةُ طَاهِرَةٌ	فاطمة	طاهرة
اَلدَّرَّاجَةُ مُسْرِعَةٌ	الدراجة	مسرعة
اَلزَّهْرَةُ جَمِيْلَةٌ	الزهرة	جميلة
اَلدَّجَاجَتَانِ مَذْبُوْحَتَانِ	الدجاجتان	مذبوحتان
اَلنَّافِذَتَانِ مَفْتُوْحَتَانِ	النافذتان	مفتوحتان
اَلْأُمَّهَاتُ مُشْفِقَاتٌ	الأمهات	مشفقات
اَلطَّالِبَاتُ سَاهِرَاتٌ	الطالبات	ساهرات
اَلنُّجُوْمُ لَامِعَةٌ	النجوم	لامعة
اَلْأَبْوَابُ مُغْلَقَةٌ	الأبواب	مغلقة
اَلْجِبَالُ مُرْتَفِعَاتٌ	الجبال	مرتفعات

جب مبتدا مونث ہو تو خبر بھی مونث ہوتی ہے

تمرین

۱۔ درج ذیل کلمات سے مفرد بنائیں۔

النجوم۔ الجبالِ۔ الدراجتان۔ الأبوابُ۔

النافذتانِ۔

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

کھڑکیاں بند ہیں۔

دروازے کھلے ہیں۔

زینب محنتی ہے۔

مرغی کالی ہے۔

ستارے چمکدار ہیں۔

سائیکل نئی ہے۔

دو پہاڑ بلند ہیں۔

کلی خوبصورت ہے۔

موٹر گاڑی تیز ہے۔

دو استانیاں کھڑی ہیں۔

اَلدَّرْسُ الثَّالِثَ عَشَرَ

جملہ اسمیہ (۵)

جملہ اسمیہ	مبتدا	خبر
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	الحمد	لِلّٰه
الكُرْسِيُّ عَلَى الْأَرْضِ	الكرسى	على الأرض
الطِّفْلُ فِى الْغُرْفَةِ	الطفل	فى الغرفة
اَلْقُرْآنُ مِنَ اللّٰهِ	القرآن	مِنَ اللّٰه
اَلْقَلَمُ فِى الدَّوَاةِ	القلم	فى الدواة
فِى الْكُوْبِ مَاءٌ	ماءٌ	فى الكوب
عَلَى الشَّجَرَةِ طَائِرٌ	طائر	على الشجرة
فى الْمَدْرَسَةِ مُعَلِّمٌ	معلّم	فى المدرسة
لِلْوَلَدِ كِتَابٌ	كتاب	للولد
لِلْوُضُوءِ ماءٌ	ماء	للوضوء

اس سبق میں خبر جار مجرور ہے

تمرین

۱۔ مناسب خبر لگائیں۔

الطفل– القلم– ماءٌ– کتاب– الکرسی–

۲۔ مندرجہ ذیل خبروں کے ساتھ مناسب مبتدا لگائیں۔

فی المدرسة– للولد– علی الأرض– فی الکوب–

من اللّٰہ۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

درخت پر پرندہ ہے۔

قلم دوات میں ہے۔

گلاس میں دودھ ہے۔

کمرہ میں استانی ہے۔

مدرسہ میں طالب علم ہیں۔

درخت پر پرندہ ہے۔

کتاب میز پر ہے۔

الدَّرْسُ الرَّابِعَ عَشَرَ

جملہ اسمیہ (و)

جملہ اسمیہ	مبتدا	خبر
اَلطَّائِرُ فَوْقَ الشَّجَرَةِ	الطائر	فوق الشجرة
اَلْقِطَّةُ تَحْتَ السَّرِيْرِ	القطة	تحت السرير
اَلْمَسْجِدُ أَمَامَ الْمَدْرَسَةِ	المسجد	أمام المدرسة
اَلْكَلْبُ خَلْفَ الْبَابِ	الكلب	خلف الباب
اَلشَّاةُ وَرَاءَ الْبَيْتِ	الشاة	وراء البيت
فَوْقَ السَّقْفِ سَرِيْرٌ	سرير	فوق السقف
تَحْتَ الْأَرْضِ مَاءٌ	ماءٌ	تحتَ الأرض
خَلْفَ الْجِدَارِ سَارِقٌ	سارق	خلف الجدار
عِنْدَكَ سَاعَةٌ	ساعة	عندك
عِنْدِي كُرَّاسَةٌ	كُرَّاسة	عندى

اس سبق میں خبر ظرف ہے

تمرین

۱۔ مبتدا اور خبر کی پہچان کریں۔

عندك ساعةٌ۔ خلف الباب كلب۔ الشاة وراء البيتِ

تحت الأرض ماءٌ۔ المسجد أمام المدرسة۔

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

چھت پر پرندہ ہے۔

چارپائی کے نیچے بچہ ہے۔

کتا دیوار کے پیچھے ہے۔

میرے پاس قلم ہے۔

مدرسہ مسجد کے سامنے ہے۔

بلی دروازے کے پیچھے ہے۔

گھر کے سامنے چور ہے۔

بکری گھر کے پیچھے ہے۔

پانی زمین کے نیچے ہے۔

کتاب کے نیچے کاپی ہے۔

الدَّرْسُ الْخَامِسَ عَشَرَ

اسم اشاره (ا)

اسم اشاره	مُشَار إليه	جملہ
هٰذَا	طالبٌ	هٰذَا طَالِبٌ
هٰذانِ	طَالِبَانِ	هٰذَانِ طَالِبَانِ
هٰؤُلَاءِ	طُلَّابٌ	هٰؤُلَاءِ طُلَّابٌ

هٰذا فَرَسٌ	هٰذانِ جَمَلَانِ	هٰؤُلَاءِ عَامِلُوْنَ
هٰذا قِطَارٌ	هٰذانِ جِدَارَانِ	هٰؤُلاءِ شَاكِرُوْنَ
هٰذا مِلْحٌ	هٰذانِ بَابَانِ	هٰؤُلاءِ مُفْلِحُوْنَ

تمرین

۱۔ مناسب مشارالیہ لگاکر خالی جگہیں پر کریں۔

هٰذَانِ......۔ هٰذا......۔ هٰولاءِ......۔

۲۔ مندرجہ ذیل کلمات کے ساتھ مناسب اسم اشارہ لگائیں۔

ملح۔ بابانِ۔ شاکرون۔ جداران۔ عاملون۔

۳۔ سبق میں مذکور اسمائے اشارہ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

۴۔ عربی میں ترجمہ کریں

یہ نمک ہے۔

یہ (دو) ریل گاڑیاں ہیں۔

یہ (لوگ) کامیاب ہونے والے ہیں۔

یہ (دو) مزدور ہیں۔

یہ قلم ہے۔

یہ مسلمان ہیں۔

یہ شیر ہے۔

یہ (دو) کتے ہیں۔

یہ خالد ہے۔

یہ (دو) بھائی ہیں۔

الدَّرْسُ السَّادِسَ عَشَرَ

اسم اشاره (ب)

اسم اشاره	مُشَار إليه	جملہ
هٰذِهِ	اِمْرَأَةٌ	هٰذِهِ امْرَأَةٌ
هٰتَانِ	اِمْرَأَتَانِ	هٰتَانِ امْرَأَتَانِ
هٰؤُلَاءِ	نِسَاءٌ	هٰؤُلَاءِ نِسَاءٌ

هٰذِهِ نَاقَةُ اللّٰهِ　　هٰتَانِ سَيَّارَتَانِ　　هٰؤُلَاءِ بَنَاتٌ

هٰذِهِ أَنْهَارٌ　　هٰتَانِ دَجَاجَتَانِ　　هٰؤُلَاءِ شَاكِرَاتٌ

هٰذِهِ شَمْسٌ　　هٰتَانِ مِرْوَحَتَانِ　　هٰؤُلَاءِ بَقَرَاتٌ

تمرین

۱۔ ''أنهار'' اور ''بقرات'' کے ساتھ کونسا اسم اشارہ استعمال ہو سکتا ہے۔

۲۔ خالی جگہیں پُر کریں۔

......نِسَاءٌ- ......سیّارتانِ- ......شمسٌ- ......شاکراتٌ-

هٰتانِ......- هٰذه......- هٰؤلاءِ......- بناتٌ-

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

یہ اونٹنی ہے۔

یہ گائیں ہیں۔

یہ (عورتیں) شکر گذار ہیں۔

یہ پنکھا ہے۔

یہ (دو) موٹر گاڑیاں ہیں۔

یہ (دو) بہنیں ہیں۔

یہ درخت ہیں۔

یہ (دو) سائیکلیں ہیں۔

یہ کلیاں ہیں۔

یہ باغیچہ ہے۔

الدَّرْسُ السَّابِعَ عَشَرَ

اسم اشاره (ج)

اسم اشاره	مُشَار إليه	جمله
ذٰلِكَ	مُسْلِمٌ	ذٰلِكَ مُسْلِمٌ
ذٰنِكَ	مُسْلِمَانِ	ذٰنِكَ مُسْلِمَانِ
أُوْلٰئِكَ	مُسْلِمُوْنَ	أُولٰئِك مُسْلِمُوْنَ

ذٰلك مَوْزٌ	ذٰنِكَ غَنِيَّانِ	أولٰئِكَ فُقَرَاءُ
ذٰلِك رُمَّانٌ	ذٰنِكَ فَقِيْرَانِ	أولٰئِك أغْنِيَاءُ
ذٰلِك قِرْدٌ	ذٰنِكَ فَرَسَانِ	أولٰئِك مُهَنْدِسُوْنَ

تمرین

۱۔ مفرد سے جمع اور جمع سے مفرد بنا کر مناسب اسم اشارہ لگائیں۔

أغنياء- مُهَنْدِسٌ- قُرودٌ- فقير- مسلمون-

۲۔ "ذٰلِكَ" کو استعمال کرتے ہوئے دو جملے بنائیں۔

۳۔ خالی جگہ پر کریں۔

......قِرْدانِ- ......رُمّان- أولٰئِك......

ذٰلِكَ......- ......أغْنياءُ- ذٰنِكَ......-

۴۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

وہ فقیر ہیں۔

وہ (دو) انجینئر ہیں۔

وہ کیلا ہے۔

وہ (دو) بندر ہیں۔

وہ انار ہے۔

وہ (دو) گھوڑے ہیں۔

وہ غنی ہیں۔

وہ دو چور ہیں۔

وہ چھت ہے۔

وہ تاجر ہیں۔

الدَّرْسُ الثَّامِنَ عَشَرَ

اسم اشارہ (د)

اسم اشارہ	مُشَار إليه	جملہ
تِلْكَ	طَبِيْبَةٌ	تِلك طَبِيْبَةٌ
تَانِكَ	طَبِيْبَتَانِ	تَانِكَ طَبِيْبَتَانِ
أُوْلٰئِكَ	طَبِيْبَاتٌ	أُولٰئِكُ طَبِيْبَاتٌ

تِلْكَ آيَةُ اللهِ　　تَانِكَ وَرْدَتَانِ　　أولٰئِك مُعَلِّمَاتٌ

تِلْكَ جِبَالٌ　　تَانِكَ ثَلاَّجَتَانِ　　أولٰئِك مُمَرِّضَاتٌ

تِلْك نُجُوْمٌ　　تَانِكَ طَاوِلَتَانِ　　أولٰئِك مُحْسِنَاتٌ

تمرین

۱۔ درج ذیل جملوں کو درست کر کے لکھیں۔

تِلك ثلاجتان- اولئِك آيةٌ- تانك ممرّضاتٌ-

أولئِك جبلان- تانك وردة - تلك مسلمون-

۲۔ خالی جگہیں پر کریں۔

تِلك......- ......وردتان- أولئِك......-

......طبيبتان- تانك......- ...... محسناتٌ

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

وہ نرس ہے۔

وہ (دو) میز ہیں۔

وہ ستارے ہیں۔

وہ سورج ہے۔

وہ (دو) استانیاں ہیں۔

وہ لڑکیاں ہیں۔

وہ ریفریجریٹر ہے۔

وہ (دو) پنکھے ہیں۔

وہ پہاڑ ہیں۔

وہ اللہ کی نشانیاں ہیں۔

الدَّرْسُ التَّاسِعَ عَشَرَ

استفهام (۱)

سوال	جواب
مَا هٰذَا؟	هٰذا كُوْبٌ
مَافِيْهِ؟	فِيْهِ لَبَنٌ
هَلْ هُوَ بَارِدٌ؟	نَعَمْ- هُوَبَارِدٌ
ماهٰذِه؟	هٰذِه سَيَّارَةٌ
هَلْ هِيَ جَدِيْدَةٌ؟	لاَ، هِيَ لَيْسَتْ بِجَدِيْدَةٍ
مَا فِي يَدِكَ؟	فِي يَدِى قَلَمٌ
مَاهٰذِه؟	هٰذِه سَبُّوْرَةٌ
مَالَوْنُهَا؟	لَوْنُهَا أَسْوَدُ
مَا اسْمُكَ؟	إِسْمِي عَبْدُ اللهِ
فِي أَيِّ فَصْلٍ أَنْتَ؟	أَنَا فِي الْفَصْلِ الْأَوَّلِ

تَمْرِيْنٌ

۱۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

ما في الْكوب؟ مَا فِي يَدِكَ؟ هَلِ الْماءُ باردٌ؟

ما اسْمُ صَدِيْقِكَ؟ في أَيِّ فصلٍ أنت؟

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

کیا کرسی نئی ہے؟

یہ کیا ہے؟

تمہارا نام کیا ہے؟

کیا دودھ گرم ہے؟

تمہارے سر پر کیا ہے؟

تختہ سیاہ کا رنگ کیا ہے؟

کس کلاس میں پڑھتے ہو؟

بکری کا رنگ کیا ہے؟

بکری کا رنگ کالا ہے۔

کیا تمہارا نام عمر ہے؟

الدرسُ الْعِشْرُوْنَ

استفهام (ب)

سوال	جواب
مَنْ رَبُّكَ ؟	رَبِّیَ اللّٰہُ
مَنْ رَسُوْلُكَ ؟	رَسُوْلِیْ مُحَمَّدٌ ﷺ
مَادِیْنُكَ ؟	دِیْنِیْ الإِسْلَامُ
مَنْ أنْتَ ؟	أَنَا عَبْدُالرَّحْمنِ
کَیْفَ حَالُكَ ؟	حَالِی طَیِّبٌ
أَیْنَ بَیتُكَ ؟	بَیْتِیْ فی لَاھورَ
مَنْ فِی الْمَصْنَعِ ؟	فِی الْمَصْنَعِ عَامِلُوْنَ
مَنْ ھٰذا ؟	ھٰذَا أَخِی حَامِدٌ
ھَلْ ھُوَ طَالِبٌ ؟	لَا، بَلْ ھُوَ تَاجِرٌ
مَنْ ھٰذِہِ ؟	ھٰذِہِ أُخْتِی

تمرین

۱۔ جواب دیں

مَادِيْنُكَ؟ مَنْ رَبُّنا؟ أَيْنَ مَدْرَسَتُكَ؟

مَنْ فِي الصَّفِّ؟ أَيْنَ بَيْتُكَ؟

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

کیا آپ مسلمان ہیں؟

ہاں میں مسلمان ہوں۔

وہ کون ہے؟

وہ میرا بھائی ہے۔

تمہارا رب کون ہے؟

کارخانہ میں کون ہے؟

کیا تو انجینئر ہے؟

نہیں بلکہ میں ڈاکٹر ہوں۔

تمہارا گھر کہاں ہے؟

میرا گھر مسجد کے سامنے ہے۔

الدَّرْسُ الْحَادِى وَالْعِشْرُوْنَ

حِوَارٌ

محمود: السَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا أَحْمَدُ!

أحمد: و عَلَيْكُمُ السَّلامُ

محمود: كَيْفَ صِحَّتُكَ؟

أحمد: صِحَّتِى حَسَنَةٌ

محمود: أَيْنَ كُنْتَ بَعْدَ الظُّهْرِ؟

أحمد: كُنْتُ فِى الْمَكْتَبَةِ

محمود: مَاذَا فَعَلْتَ هُنَاكَ ؟

أحمد: قَرَأْتُ بَعْضَ الكُتُبِ

محمود: أَيْنَ أَبُوْكَ؟

أحمد: أَبِى ذَهَبَ إِلَى كَرَاتشى

محمود: مَتى يَرْجِعُ أبوكَ؟

أحمد: أَبِى يَرْجِعُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ

محمود: هَلْ ذَهَبَ أَخُوكَ مَعَه؟

أحمد: نَعَمْ- قَدْ ذَهَبَ أخِيْ مَعَهٗ

محمود: إلى أَيْنَ تَذْهَبُ بَعْدَ الْعَصْرِ؟

أحمد: أَذْهَبُ بَعْدَ الْعَصْرِ إِلَى السُّوْقِ

محمود: أَنَا أَذْهَبُ مَعَكَ

تمرین

۱۔ جواب دیں۔

کیف حَالُكَ؟ أَيْنَ أَبُوْكَ؟ إلى أَيْنَ ذَهَبَ أَخُوْكَ؟

أَيْنَ كُنْتَ صَبَاحًا؟ مَتى يَرْجِعُ أبوك من كراتشي؟

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

تمہاری صحت کیسی ہے؟

تمہارا بھائی کہاں ہے؟

تم کیا کرتے ہو؟

بازار کون گیا؟

مسجد کہاں ہے؟

تم کہاں جاتے ہو؟

میں باغ کی طرف جاتا ہوں۔

تمہاری والدہ کہاں ہے؟

میری والدہ فیصل آباد گئی ہے۔

عصر کے بعد تم کہاں جاؤ گے؟

اَلدَّرْسُ الثَّانِیْ وَالْعِشْرُوْنَ

جملہ فعلیہ

فعل ماضی (لازم)

خَرَجَ فَرِیْدٌ مِنَ البیت

جَلَسَتْ عَائِشَةُ فَوْقَ السَّرِیْرِ

ذَهَبْتَ إِلَی الْمَسْجِدِ

رَجَعْتُمَا مِنَ الْمَدْرَسَةِ

نَزَلْتُمْ مِنَ القِطَارِ

فَرِحْتِ بِالنَّجَاحِ

نَجَحْتُمَا فِی الْامْتِحَانِ

دَخَلْتُنَّ فِی الْمَطْبَخِ

لَعِبْتُ فِی الْمَیْدَانِ

صَعِدْنَا عَلَی الْجَبَلِ

تمرین

۱۔ "دخل" سے واحد متکلم، جمع مذکر مخاطب، واحد مونث غائب، جمع مذکر غائب اور جمع مونث غائب کے صیغے بنائیں۔

۲۔ صیغے بتائیں۔

صَعِدنا۔ نَجَحْتُمَا۔ نزلتم۔ لعبتُ۔ ذھبتْ۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

فرید مسجد میں بیٹھا۔

عائشہ مدرسہ سے نکلی۔

تو مسجد گیا۔

ہم گاڑی سے اترے۔

تم (سب) میدان میں کھیلے۔

میں بازار سے لوٹا۔

ہم امتحان میں کامیاب ہوئے۔

تم (دونوں) پہاڑ پر چڑھے۔

تو خوش ہوئی۔

میں کمرے میں داخل ہوا۔

الدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ

فعل مضارع (لازم)

يَخْرُجُ فَرِيْدٌ مِنَ الْبَيْتِ

تَجْلِسُ عَائشةُ فَوْقَ السَّرِيْرِ

تَذْهَبُ إِلَى الْمَسْجِدِ

تَرْجِعَانِ مِنَ الْمَدْرَسَةِ

تَنْزِلُوْنَ مِنَ الْقِطَارِ

تَفْرَحِيْنَ بِالنَّجَاحِ

تَنْجَحَانِ فِي الْامْتِحَانِ

تَدْخُلْنَ فِي الْمَطْبَخِ

أَلْعَبُ فِي الْمَيْدَانِ

نَصْعَدُ عَلَى الْجَبَلِ

تمرین

۱۔ "یَفْرَحُ" کی گردان کریں۔

۲۔ صیغے بتائیں۔

تَدْخُلْنَ۔ نَصْعدُ۔ تَذْهَبُ۔ یَخْرُجَانِ۔ یَرْجِعْنَ

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

ہم میدان میں کھیلتے ہیں۔

تم (دونوں) باورچی خانہ میں داخل ہوتی ہو۔

تم (سب) گھر سے نکلتے ہو۔

تو کامیابی پر خوش ہوتا ہے۔

تم (دونوں) مسجد کی طرف جاتے ہو۔

ہم پہاڑ پر چڑھتے ہیں۔

میں چارپائی پر بیٹھتا ہوں۔

وہ گاڑی سے اترتا ہے۔

وہ مدرسہ سے واپس لوٹتی ہے۔

ہم بازار جاتے ہیں۔

الدَّرْسُ الرَّابِعُ والْعِشْرُوْنَ

فعل ماضی (متعدی)

فَتَحَ مُحمدٌ الكِتَابَ

فَهِمَتْ زَيْنَبُ الدَّرْسَ

شَرِبْتَ الْحَلِيْبَ

أَكَلْتُمَا الْمَوْزَ

حَفِظْتُمْ دَرْسَ الْأَمْسِ

غَسَلْتِ الثِّيَابَ

سَمِعْتُمَا النَّصِيْحَةَ

طَبَخْتُنَّ الطَّعَامَ

رَكِبْتُ الْقِطَارَ

شَكَرْنَا اللهَ

تمرین

۱۔ مندرجہ ذیل افعال کے ساتھ فاعل اور مفعول لگا کر مکمل جملے بنائیں۔

شرب۔ فتحتُ۔ سَمع۔ رکبتْ۔

۲۔ خالی جگہ پر کریں۔

أکلِ...... الموز۔ ......الباب َ۔ غسلتِ......۔

......خالد......

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

عائشہ نے دروازہ کھولا۔

میں نے دودھ پیا۔

سمیر نے سبق یاد کیا۔

ہم نے نصیحت سنی۔

تو نے کیلا کھایا۔

تم (دونوں لڑکیوں) نے کھانا پکایا۔

تم (سب عورتوں) نے کپڑے دھوئے۔

تم (دونوں) نے انار کھایا۔

تم (سب) نے کتاب کھولی۔

میں نے سبق یاد کیا۔

الدَّرْسُ الْخَامِسُ والْعِشْرُوْنَ

فعل مضارع (متعدی)

يَفْتَحُ محمدٌ الكِتَابَ

تَفْهَمُ زَيْنبُ الدَّرْسَ

تَشْرَبُ الحَلِيْبَ

تَأْكُلاَنِ الْمَوْزَ

تَحْفَظُوْنَ دَرْسَ الأَمْسِ

تَغْسِلِيْنَ الثِّيَابَ

تَسْمَعَانِ النصيحةَ

تَطْبَخْنَ الطَّعَامَ

أَرْكَبُ الْقِطَارَ

نَشْكُرُ اللّٰهَ

تمرین

۱۔ "یشکر" کی گردان کریں۔

۲۔ مندرجہ ذیل افعال کو جملوں میں استعمال کریں۔

یَشْرَبُ۔ نَرکبُ۔ تَأکُلُ۔ تَسْمَعْنَ۔ تشکرانِ۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

تو اللہ کا شکر ادا کرتا ہے۔

ہم گاڑی پر سوار ہوتے ہیں۔

تم (سب) کپڑے دھوتی ہو۔

تو کھانا پکاتی ہے۔

تم (دونوں) سبق یاد کرتی ہو۔

تم (سب) نصیحت سنتے ہو۔

ہمیر روٹی کھاتا ہے۔

عائشہ دودھ پیتی ہے۔

تم (دونوں) کتاب کھولتے ہو۔

میں سبق سمجھتا ہوں۔

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ

فعل ماضی منفی

مَا نَزَلَ الْمَطَرُ الْيَوْمَ

مَا قَطَفَتْ سَلْمٰی الْأَزْهَارَ

مَا ذَهَبْتَ إِلَى السُّوْقِ

مَا دَخَلْتُمَا فِي الْغُرْفَةِ

مَا ظَلَمْتُمْ أَحَدًا

مَا كَذَبْتِ قَطُّ

مَا كَتَبْتُمَا الرِّسَالَةَ

مَا طَبَخْتُنَّ الطَّعَامَ

مَا فَهِمْتُ الدَّرْسَ

مَا لَعِبْنَا أَمْسِ

تمرین

۱۔ "ظَلَمَ" سے ماضی منفی کی گردان کریں۔

۲۔ صیغوں کی پہچان کریں۔

مَا کَذَبْتَ - مَا لَعِبْنَا - مَا قَطَفْتُ - مَا دَخَلْتُمَا - مَا طَبَخْتُنَّ

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

میں نے کسی پر ظلم نہیں کیا۔

تم کل نہیں کھیلے۔

ہم نے سبق یاد نہیں کیا۔

خالد نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔

تم (دونوں عورتوں) نے کھانا نہیں پکایا۔

کل بارش نہیں ہوئی۔

تو بازار نہیں گئی۔

تم (دونوں) باغ میں داخل نہیں ہوئے۔

ہم نے خط نہیں لکھا۔

عائشہ نے سبق یاد نہیں کیا۔

الدَّرْسُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ

فعل مضارع منفی

لاَ يَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَاءِ الْيَوْمَ

لاَ تَقْطِفُ سَلمى الأَزْهَارَ

لاَ تَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ

لاَ تَدْخُلاَنِ فِي الْغُرْفَةِ

لاَ تَظْلِمُوْنَ أَحَدًا

لاَ تَكْذِبِيْنَ

لاَ تَكْتُبَانِ الرِّسَالَةَ

لاَ تَطْبَخْنَ الطَّعَامَ

لاَ أَفْهَمُ الدَّرْسَ

لاَ نَلْعَبُ غَداً

تمرین

۱۔ "یظلم" سے مضارع منفی کی گردان کریں۔

۲۔ صیغوں کی پہچان کریں۔

لاأفهم۔ لاتکذبینَ۔ لاتدخلون۔

لاتقطف۔ لاَ تَطْبَخْنَ۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

میں کسی پر ظلم نہیں کرتا۔

تم نہیں کھیلتے۔

ہم سبق یاد نہیں کرتے۔

خالد جھوٹ نہیں بولتا۔

تم (دونوں) کھانا نہیں پکاتیں۔

کل بارش نہیں ہوگی۔

تو بازار نہیں جاتی۔

تم (دونوں) باغ میں داخل نہیں ہوتے۔

ہم خط نہیں لکھتے۔

عائشہ سبق یاد نہیں کرتی۔

الدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ

فعل مضارع منفی بِلَمْ

لَمْ يَنْزِلِ الْمَطَرُ مِنَ السَّماءِ

لَمْ تَقْطِفْ سَلْمى الأَزْهارَ

لَمْ تَذْهَبْ إِلَى السُّوْقِ

لَمْ تَدْخُلاَ فِي الْغُرْفَةِ

لَمْ تَظْلِمُوْا أَحَدًا

لَمْ تَكْذِبِى

لَمْ تَكْتُبَا الرِّسَالَةَ

لَمْ تَطْبُخْنَ الطَّعَامَ

لَمْ أَفْهَمِ الدَّرْسَ

لَمْ نَلْعَبْ أَمْسِ

تمرین

۱۔ "یفھم" سے مضارع منفی بِلَمْ کی گردان کریں۔

۲۔ مندرجہ ذیل صیغوں کی پہچان کریں۔

لَمْ نَلعبْ- لَمْ تدخلا- لَمْ تطبخنَ- لَمْ تذھبْ-

لم تقطفْ-

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

میں نے کسی پر ظلم نہیں کیا۔

تم کل نہیں کھیلے۔

ہم نے سبق یاد نہیں کیا۔

خالد نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔

تم (دو عورتوں) نے کھانا نہیں پکایا۔

کل بارش نہیں ہوئی۔

تو بازار نہیں گئی۔

تم (دونوں) باغ میں داخل نہیں ہوئے۔

ہم نے خط نہیں لکھا۔

عائشہ نے سبق یاد نہیں کیا۔

الدَّرْسُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْنَ

فعل مضارع منفی بِلَنْ

لَنْ يَّنْزِلَ الْمَطَرُ مِنَ السَّماءِ

لَنْ تَقْطِفَ سَلْمى الأَزْهَارَ

لَنْ تَذْهَبَ إِلَى السُّوْقِ

لَنْ تَدْخُلاَ فِى الْغُرْفَةِ

لَنْ تَظْلِمُوْا أَحَدًا

لَنْ تَكْذِبِىْ

لَنْ تَكْتُبَا الرِّسَالَةَ

لَن تَطْبَخْنَ الطَّعامَ

لَنْ أَذْهَبَ إِلَى السُّوقِ

لَنْ نَلْعَبَ فِى الْمَلْعَبِ

تمرین

۱۔ "یطبخ" سے مضارع منفی بِلَنْ کی گردان کریں۔

۲۔ صیغے بتائیں۔

لَن تکذبی۔ لن نلعبَ۔ لَن تکتبا۔

لَنْ تقطف۔ لن تطبخنَ۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

میں ہرگز کسی پر ظلم نہیں کروں گا۔

تم ہرگز نہیں کھیلو گے۔

ہم ہرگز بازار نہیں جائیں گے۔

خالد ہرگز جھوٹ نہیں بولے گا۔

تم (دو عورتیں) کھانا ہرگز نہیں پکاؤ گی۔

کل ہرگز بارش نہیں ہو گی۔

تو ہرگز بازار نہیں جائے گی۔

تم (دونوں) ہرگز باغ میں داخل نہیں ہو گے۔

ہم ہرگز خط نہیں لکھیں گے۔

عائشہ ہرگز نہیں کھیلے گی۔

الدَّرْسُ الثَّلاثُوْنَ

فعل أمر

اُذْكُرْ رَبَّكَ

اُدْخُلاَ فِی المسجدِ

اُعْبُدُوْا رَبَّكُمْ

اِسْمَعِیْ الدَّرْسَ

اِغْسِلاَ الثّیَابَ

اِقْرَأْنَ الْقُرْآنَ

اِضْرِبِ اللّصَّ

اِشْرَبَا العَصِیْرَ

اِلْبَسُوْا ثِیَابَكُمْ

اُشْكُرْنَ اللهَ

تمرین

۱۔ ”شکر“ سے فعل امر کی گردان کریں۔

۲۔ صیغے بتائیں۔

اِضْرِبا۔ اُشکُرنَ۔ اسمعی۔ اِلبسوا۔ اُذکرْ۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

اللہ تعالیٰ کا شکر کر۔

تم (عورتیں) اپنے رب کا ذکر کرو۔

تم (دونوں) اپنے کپڑے پہنو۔

تم (سب) مسجد میں داخل ہو جاؤ۔

تم (دو عورتیں) جوس پیو۔

تم (سب) چور کو مارو۔

تم (سب عورتیں) اللہ کی عبادت کرو۔

تو سبق سن۔

تو اپنے کپڑے دھو۔

تم (دونوں) قرآن پڑھو۔

الدَّرْسُ الْحَادِیْ وَالثَّلاَثُوْنَ

فعل نہی

لاَ تَضْرِبْ خَادِمًا

لاَ تَقْطِفَا الْأَزْهَارَ

لاَ تَرْفَعُوْا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ

لاَ تَكْسَلِیْ فِی دُرُوْسِكِ

لاَ تَلْعَبَا وَقْتَ الدَّرْسِ

لاَ تَخْرُجْنَ سَافِرَاتٍ

لاَ تَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا

لاَ تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ

لاَ تَقْنَطُوْا مِن رَّحْمَةِ اللّٰهِ

لاَ تُفْسِدُوْا فِی الْأَرْضِ

تمرین

۱۔ "حزن" سے نہی کی گردان کریں۔

۲۔ اَمر اور نہی کی پہچان کریں۔

لاتحزنْ۔ اِغسلا۔ لاتقنطوا۔ اسمعی۔
اُشکرنَ۔ لاترفعوا۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

پھول مت توڑ۔

تم (دو عورتیں) اپنے اسباق میں سستی نہ کرو۔

تم (سب) اس درخت کے قریب مت جاؤ۔

تو (ایک عورت) اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔

تم (دونوں) غم نہ کرو۔

جھوٹ مت بول۔

تم (عورتیں) بے پردہ نہ نکلو۔

تم (سب) پھول مت توڑو۔

تم (دو عورتیں) خادم کو نہ مارو۔

سبق کے وقت مت کھیلو۔

الدَّرْسُ الثَّانِیْ وَالثَّلاثُوْنَ

تثنیہ کا اعراب

یَذْهَبُ الصَّدِیْقَانِ إِلَی المسجدِ (حالت رفعی)

أُکْرِمُ الصَّدِیْقَیْنِ (حالت نصبی)

أُسَلِّمُ عَلَی الصَّدِیْقَیْنِ (حالت جری)

تَفَتَّحَتِ الزَّهْرَتَانِ فِی الْبُسْتَانِ

قَطَفَ الْبُسْتَانِیُّ الزَّهْرَتَیْنِ

فَرِحْتُ لِحُسْنِ الزَّهْرَتَیْنِ

اَلْفَرَسَانِ یَجْرِیَانِ فِی الْمَیْدَانِ

شَاهَدْتُ الْفَرَسَیْنِ فِی الْحَقْلِ

وَقَفْتُ أَمَامَ الْفَرَسَیْنِ

تمرین

۱۔ مندرجہ ذیل جملوں میں مبتدا اور خبر کو تثنیہ بنائیں۔

اَلْمَصْنَعُ جَدِيْدٌ۔ العامِلُ مُخْلِصٌ۔ القِطَارُ مُسْرِعٌ۔

۲۔ اعراب کی تینوں حالتوں کا لحاظ رکھتے ہوئے "کتابان" کو تین جملوں میں استعمال کریں۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

دو دوست مسجد سے نکلتے ہیں۔

ہم دو دوستوں کی عزت کرتے ہیں۔

تو نے دو دوستوں کو سلام کیا۔

کیا تو نے دو دوستوں کی عزت کی؟

جی ہاں، میں نے دو دوستوں کی عزت کی۔

دو گھوڑوں کی طرف دیکھو۔

ہم دو گھوڑوں پر سوار ہوئے۔

مالی نے دو درخت کاٹے۔

میرے پاس دو روپے ہیں۔

میں نے فقیر کو دو روپے دیئے۔

الدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالثَّلاثُوْنَ

جمع مذکر سالم کا اعراب

فَتَحَ الْمُسْلِمُوْنَ الْهِنْدَ (حالت رفعی)

أُحِبُّ الْمُسْلِمِيْنَ الصَّادِقِيْنَ (حالت نصبی)

يَرْضَى اللّٰهُ عَنِ المسلمِيْنَ الصَّادِقِيْنَ (حالت جری)

يَزْرَعُ الْفَلاَّحُوْنَ الْقَمْحَ

رَأَيْتُ الفَلاَّحِيْنَ فِى الْحُقُوْلِ

يَسْتَعْمِلُ كَثِيْرٌ مِنَ الفَلاَّحِيْنَ الْجَرَّارَاتِ

اَلْمُسَافِرُوْنَ مُتْعَبُوْنَ

سَقَيْتُ الْمُسَافِرِيْنَ الْماءَ

هٰذِهِ الْغُرْفَةُ لِلْمُسَافِرِيْنَ

تمرین

۱۔ خالی جگہ پر کریں۔

یزرع...... القمحَ...... المسافرین الماءَ۔ أُحِبُّ......

۲۔ درج ذیل الفاظ کی جمع مذکر سالم بنا کر جملوں میں استعمال کریں۔

عامِلٌ۔ کاتِبٌ۔ مُھَنْدِسٌ۔ عَالِمٌ۔ شارِبٌ۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

ہم مسلمانوں سے محبت کرتے ہیں۔

مسلمانوں نے مصر فتح کیا۔

کسانوں نے گندم کاشت کی۔

پاکستان کے کسان محنتی ہیں۔

مسافر گاڑی سے اترے۔

میں نے مسافروں کو الوداع کیا۔

میں نے مسافروں کو دودھ پلایا۔

یہ کمرے مسافروں کیلئے ہیں۔

مزدور تھکے ہوئے ہیں۔

کیا تو نے مزدوروں پر رحم کیا؟

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالثَّلَاثُوْنَ

جمع مؤنث سالم کا اِعراب

سَاعَدَتِ الْمُسْلِمَاتُ الْمُجَاهِدِيْنَ (حالت رفعی)

نَحْتَرِمُ الْمُسْلِمَاتِ الصَّالِحَاتِ ۔ (حالت نصبی)

نُثْنِی عَلَی الْمُسْلِمَاتِ الصَّالِحَاتِ (حالت جری)

تَجْرِی السَّيَّارَاتُ عَلَی الشَّارِعِ

اِشْتَرَی التَّاجِرُ السَّيَّارَاتِ

سَافَرْنَا بِالسَّيَّارَاتِ

اَلْمَكْتَبَاتُ كَثِيْرَةٌ فِی لَاهور

شَاهَدتُ الْمَكْتَبَاتِ

فِی الْمَكْتَبَاتِ كُتُبٌ مُفِيدَةٌ

تمرین

۱۔ درج ذیل کلمات کی جمع مونث سالم بنا کر جملوں میں استعمال کریں۔

شجرۃٌ۔ دَرَّاجَۃٌ۔ طَائِرَۃٌ۔ صدیقۃٌ۔ مُمَرِّضَۃٌ۔

۲۔ "المسلمات"، "السیارات" اور "المکتبات" کو مبتدا بنا کر مناسب خبر لگائیں۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

سہیلیاں مدرسہ گئیں۔

ہم موٹر گاڑیوں پر سوار ہوئے۔

قاہرہ میں کثیر لائبریریاں ہیں۔

میں نے لائبریریاں دیکھیں۔

نرسیں ہسپتال میں ہیں۔

ہم نرسوں کا احترام کرتے ہیں۔

کمرے میں سائیکلیں ہیں۔

ہم سائیکلوں سے اترے۔

مالی نے درخت لگائے۔

ہمارے باغ میں درخت ہیں۔

الدَّرسُ الْخامسُ وَالثّلاَثُوْنَ

أبٌ اورأخٌ کااعراب

أَ بُوْكَ تَاجِرٌ شَهِيْرٌ (حالت رفعی)

رَأَيْتُ أَبَاكَ فِى الْمَسْجِدِ (حالت نصبی)

سَلَّمْنَا عَلى أَبِيْكَ (حالت جری)

جَآءَ أَخُوْكَ مِن مِّصْرَ

سَاعَدْتُّ أَخَاكَ

اِشْتَرَيْتُ كِتَابًا لِأَخِيْكَ

نَحْتَرِمُ أَبَاكَ

أَبُوكَ عَالِمٌ كَبِيْرٌ

هَلْ لِأَخِيْكَ دَرَّاجَةٌ؟

نَعَمْ ، لِأَخِى دَرَّاجَةٌ

تمرین

۱۔ جواب دیں۔

أَيْنَ أَبُوكَ ؟ فِي أَيِّ فَصْلٍ يَدْرُسُ أَخُوكَ ؟

هَلِ احْتَرَمْتَ أَبَاكَ ؟ هَلْ لِأَبِيْكَ سَيَّارَةٌ ؟

هَلْ ذَهَبْتَ إِلَى بَيْتِ أَخِيْكَ ؟

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں

کیا آپ کے والد ڈاکٹر ہیں ؟

آپ کا بھائی کہاں ہے ؟

میں آپ کے بھائی کے ساتھ مسجد گیا۔

خالد کا بھائی انجینئر ہے۔

تمہارا بھائی ایران سے لوٹا۔

کیا یہ کتاب تمہارے بھائی کی ہے ؟

اپنے والد کا احترام کر۔

میں نے تمہارے والد کو سلام کیا۔

ہم نے تمہارے بھائی کی مدد کی۔

تیرا بھائی میرا دوست ہے۔

اَلدَّرسُ السّادسُ وَالثّلاثُوْنَ

غیر منصرف کا اعراب

يَدْرُسُ أَحمدُ فِی الْفَصْلِ الْأَوّلِ۔ (حالت رفعی)

رَأَيْتُ أَحْمَدَ فِی الْمَكْتَبَةِ۔ (حالت نصبی)

رَضِيْتُ عَنْ أَحْمَدَ۔ (حالت جری)

دَخَلَتْ عَائشةُ فِی الْمَطْبَخِ۔

أَعْطَيْتُ عائشةَ كِتَابًا۔

أَثْنَيْتُ عَلٰى عَائِشةَ۔

اَلْوَلَدُ عَطْشَانُ۔

سَقَيْتُ عَطْشَانَ ماءً۔

عَطَفْتُ عَلٰى عَطْشَانَ۔

تمرین

۱۔ خالی جگہ پر کریں۔

دخلت......فی ......، سقیتُ...... مَاءً،

...... أَحمدَ۔ ...... علی عطشانَ، رَضِیتُ عن ......

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں

گھوڑا پیاسا ہے۔

فاطمہ باورچی خانہ میں داخل ہوئی۔

ہم نے پیاسے کو پانی پلایا۔

سلمان پہلی کلاس میں پڑھتا ہے۔

استاد سلمان سے راضی ہے۔

لاہور میں کثیر مساجد ہیں۔

میں نے احمد کو مسجد میں دیکھا۔

استانی نے عائشہ کی تعریف کی۔

عائشہ نے پانی پیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ عادل تھے۔

الدَّرْسُ السَّابِع وَالثَّلاَثُوْنَ

حِوَارٌ

حسن: السلامُ عليكم

طلحة: وعليكم السلام و رَحمةُ اللّٰه-

حسن: رَأَيْتُكَ أوَّل مَرَّةٍ فى هٰذا المَسْجدِ

طلحة: أَنَا ضَيْفٌ هُنا عِنْدَ عَمِّى

حسن: مِنْ أَيْنَ جِئتَ؟

طلحة: جِئْتُ مِنْ فيصل آباد

حسن: مَتى وَصَلْتَ إلِى بَيْتِ عَمِّكَ؟

طلحة: وَصَلْتُ الْيَوْمَ قَبْلَ الظُّهْرِ

حسن: هَلْ سَافَرْتَ بِالْحَافِلَةِ؟

طلحة: لا، بَلْ سَافرتُ بِالْقِطَارِ

حسن: فِى أىِّ فَصْلٍ تَدْرُسُ؟

طلحة: أَنَا أَدْرُسُ فِى الْفَصْلِ الْخَامسِ

حسن: هَلْ تُصَلِّی کُلَّ یَوْمٍ؟

طلحة: نعم أُصَلِّی کُلَّ یَوْمٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

حسن: کَمْ صَلٰوۃً فِی الْیَوْمِ؟

طلحة: فِی الیومِ خَمْسُ صَلَوَاتٍ- وَھِیَ: صَلٰوۃُ الْفَجْرِ- والظُّهْرِ- وَالعَصْرِ- والمَغْرِبِ- والعِشاءِ-

تمرین

۱۔ کیا آپ مہمان ہیں؟
آپ کہاں سے آئے ہیں؟
میں سیالکوٹ سے آیا ہوں۔
کیا آپ نے جہاز پر سفر کیا؟
نہیں، میں نے موٹر گاڑی پر سفر کیا ہے؟
آپ کب پہنچے؟
میں عصر کے بعد پہنچا۔
یہ کون ہے؟
یہ میرے چچا ہیں۔
کیا آپ پہلی دفعہ آئے ہیں؟

الدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالثَّلاثُوْنَ

افعال ناقصہ (۱)

كَانَ الْحَرُّ شَدِيْدًا

كان التِّلْمِيْذُ مُجْتَهِداً

كَانَتِ السَّيَّارَةُ مُسْرِعَةً

أَيْنَ كُنْتَ أَمْسِ؟

كُنْتِ مَرِيْضَةً

كُنْتُمْ مَسْرُوْرِيْنَ

كُنْتُمَا تَاجِرَيْنَ

كُنْتُنَّ صَابِرَاتٍ

كُنْتُ حَاضِراً فِى الْفَصْلِ

كُنَّا مُشْتَغِلِيْنَ فِى الْعَمَلِ

تمرین

۱۔ مندرجہ ذیل جملوں پر کان داخل کریں۔

التلميذ مجتهدٌ۔ أنا مريضٌ۔ أنتنَّ صابرات۔

نحن حاضرون۔ أنتِ شَاكرَةٌ۔

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

خالد محنتی تھا۔

میں بیمار تھا۔

تو کل خوش تھا۔

وہ کل غیر حاضر تھی۔

میرا بھائی تاجر تھا۔

پانی ٹھنڈا تھا۔

میں ڈاکٹر تھا۔

تم (سب) کلاس میں حاضر تھے۔

گندم سستی تھی۔

تم (دونوں) صابر تھے۔

الدَّرْسُ التاسع وَالثَّلاَثُوْنَ

افعال ناقصہ (ب)

صَارَ الثَّمَرُ نَاضِجًا

صار الماءُ بَارِدًا

صِرْتَ مُعَلِّمًا

صَارَتْ سلمی مُمَرِّضَةً

صِرْتُ طَيَّارًا

صِرْنَا تُجَّاراً

لَيْسَ الثمرُ نَاضِجًا

لَيستْ سَلْمی مَرِيْضَةً

لَيْسَ الماءُ صَافِيًا

لَسْتُ كَسْلاَنَ

تمرین

۱۔ مندرجہ ذیل جملوں پر "صار" اور "لیس" داخل کریں۔

الثمرُ ناضجٌ۔ الماءُ بارِدٌ۔ أنا تاجِرٌ۔

نَحْنُ تُجَّارٌ۔ سَلْمی مَرِیْضَةٌ۔

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

باغ پھلدار ہو گیا۔

دودھ ٹھنڈا ہو گیا۔

میں پائلٹ بن گیا۔

تو تاجر بن گیا۔

سلمٰی بیمار ہو گئی۔

پھل پکا ہوا نہیں ہے۔

طالب علم محنتی نہیں ہے۔

تو سست نہیں ہے۔

مدرسہ قریب نہیں ہے۔

پانی ٹھنڈا نہیں ہے۔

الدَّرسُ الْأَرْبَعُوْنَ

افعال ناقصہ (ج)

أصْبَحَ الْجَوُّ بَارِدًا

أصْبَحَتِ الشَّجَرَةُ نَاضِرَةً

أَضْحَى الْفَائِزُ مَسْرُوْراً

أَضْحَتِ الْوَرْدَةُ مُتَفَتِّحَةً

أَمْسَى الْعَامِلُ مُتْعَبًا

أَمْسَتِ الرِّيْحُ شَدِيْدَةً

ظَلَّ أخِي صَائِمًا

ظَلَّتِ الْبِنْتُ مُشْتَغِلَةً

بَاتَ الْمُؤمِنُ عَابِدًا

بَاتَتِ الطَّالِبَةُ سَاهِرَةً

تمرین

۱۔ جواب دیں۔

كَيْفَ أَصْبَحَ الجوُّ؟ هَلْ أَمْسَى العاملُ مُتعَبًا؟

كَيْفَ ظلَّ أخوك؟ هَلْ بات المؤمن عابداً؟

كيف أضحت الوردةُ؟

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

تم نے کیسے صبح کی؟

میں نے خوشی کی حالت میں صبح کی۔

بچی نے روتے ہوئے صبح کی۔

چاشت کے وقت کلیاں کھلی ہوئی تھیں۔

شام کے وقت میرا بھائی مسافر تھا۔

میری بہن دن بھر روزہ دار رہی۔

مریض رات بھر جاگتا رہا۔

دن بھر گرمی سخت رہی۔

رات بھر طالب علم مشغول رہا۔

صبح کے وقت درخت تروتازہ تھا۔

الدَّرسُ الحادی والأَرْبَعُوْنَ

حروف مشبہ بالفعل (۱)

إِنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ

إِنَّ النَّظَافَةَ وَاجِبَةٌ

إِنَّ اللهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

إِنَّ الْبَرْدَ شَدِيْدٌ

إِنَّ الْمَاءَ بارِدٌ

عَلِمْتُ أَنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ

ظَنَنْتُ أَنَّ الْبَرْدَ شَدِيْدٌ

وَجَدَ الْمُعَلِّمُ أَنَّ الطَّالِبَ نَائِمٌ

عَلِمَ الْمَرِيْضُ أَنَّ الدَّوَاءَ نَافِعٌ

وَجَدْتَ أَنَّ الْبَابَ مُغْلَقٌ

تمرین

۱۔ مندرجہ ذیل جملوں پر "إنّ" اور "أنّ" داخل کریں۔

البابُ مُغلَقٌ- البردُ شديدٌ- العلم نورٌ- اللّٰهُ سَميعٌ-

النظافةُ واجبةٌ-

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

یقیناً علم مفید ہے۔

بے شک گرمی شدید ہے۔

یقیناً دودھ گرم ہے۔

بے شک اللہ تعالیٰ قادر ہے۔

یقیناً صفائی نصف ایمان ہے۔

مجھے معلوم ہوا کہ علم نور ہے۔

مجھے گمان ہے کہ دروازہ کھلا ہے۔

ہم نے پایا کہ دوا نافع ہے۔

تو نے فضا معتدل پائی۔

میں نے جانا کہ درخت پھلدار ہے۔

طالبعلم نے پایا کہ کتاب مفید ہے۔

الدَّرْسُ الثانى والأرْبَعُوْنَ

حروف مشبہ بالفعل (ب)

كَأَنَّ الرَّجُلَ أَسَدٌ

كَأَنَّكَ بَدْرٌ

اَلطُّلاَّبُ قَائِمُوْنَ لٰكِنَّ الْأُسْتَاذَ جَالِسٌ

الدَّوَاءُ مُفِيْدٌ لٰكِنَّه مُرٌّ

لَعَلَّ الْحَاكِمَ عَادِلٌ

لَعَلَّ الْمُسَافِرَ قَادِمٌ

لَعلَّ الْغُرْفَةَ نَظِيْفَةٌ

لَيْتَ الْعَامِلَ نَشِيْطٌ

لَيْتَ الدَّواءَ حُلْوٌ

لَيْتَكَ مُجْتَهِدٌ

تمرین

۱۔ خالی جگہ پر کریں۔

الدواء مفید......مُرٌّ۔ لعلّ الغرفةَ......۔

كأنّ الأستاذ......۔ ......الحاكم عادِلٌ۔ لَيْتَنِي......

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

گویا کہ بلی شیر ہے۔

گویا کہ تیرا چہرہ چاند ہے۔

طالب علم کمرے میں ہیں لیکن استاد مسجد میں۔

دروازہ کھلا ہے لیکن کھڑکی بند۔

شاید امتحان قریب ہے۔

شاید مزدور ست ہے۔

شاید کمرہ بند ہے۔

کاش طالب علم محنتی ہوتا۔

کاش تو عالم ہوتا! کاش میں امیر ہوتا!

الدَّرْسُ الثَّالِثُ والأَرْبَعُوْنَ

"ما" و "لا" المُشَبَّهَتَانِ بِلَيْسَ

مَا الطَّالِبُ رَاسِبًا فِى الاِمْتِحَانِ

مَا الدَّرْسُ صَعْباً

مَا الْغُرْفَةُ وَاسِعَةً

مَا شَارِعٌ نَظِيْفاً

مَا الْعِيْدُ بِقَرِيْبٍ

لاَ شَجَرَةٌ مُثْمِرَةٌ فِى الْبُسْتَانِ

لاَ تِلْمِيْذٌ غَائِباً عَنِ الْفَصْلِ

لاَ مُسْلِمٌ ظَالِمًا

لاَ ثَلاَّجَةٌ رَخِيْصَةً

لاَ دَرْسٌ صَعْبًا

تمرین

۱۔ درج ذیل جملوں پر "ما" اور "لا" داخل کریں۔ ضرورت ہو تو مناسب تبدیلی کرلیں۔

العيد قريبٌ– الثلاجة رخيصة– الشارع نظيفٌ–

الدرس صعبٌ– التلميذ غائبٌ–

۲۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

سبق مشکل نہیں ہے۔

کوئی سڑک صاف نہیں ہے۔

کوئی باغ پھلدار نہیں ہے۔

کوئی مسلمان ظالم نہیں ہے۔

عید قریب نہیں ہے۔

کوئی کمرہ صاف نہیں۔

طالب علم امتحان میں فیل نہیں۔

کوئی سائیکل سستی نہیں۔

خالد بخیل نہیں ہے۔

یہ قلم نئی نہیں ہے۔

الدَّرسُ الرابع والأَرْبَعُوْنَ

حروف جاره

يُصَلِّى الْأَطْفَالُ فِى الْمَسْجِدِ

يَبْتَعِدُ الْعَالِمُ عَنِ الْأَحْمَقِ

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّموٰاتِ وَالْأَرْضِ

اُكْتُبْ بِالْقَلَمِ عَلَى الْوَرَقِ

العِلْمُ أَفْضَلُ مِنَ الْجَهْلِ

اَلْقُرْآنُ يَهْدِى إِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ

يُثْنِى الأُسْتَاذُ عَلَى التِّلْمِيْذِ الْمُجْتَهِدِ

إنَّ الْإِنْسَانَ لَفِى خُسْرٍ

تَوَكَّلْنَا عَلَى اللّٰهِ

ذَبَحْتُ الدَّجَاجَةَ بِالسِّكِّيْنِ

تمرین

۱۔ پانچ حروف جارہ کو جملوں میں استعمال کریں۔

۲۔ حروف جارہ کتنے ہیں اور کیا عمل کرتے ہیں۔ مثالوں سے واضح کریں۔

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں

بچے میدان میں کھیلتے ہیں۔

عقلمند احمق سے افضل ہے۔

چھری کے ساتھ مرغی ذبح کرو۔

اللہ پر بھروسہ کرو۔

میں گاڑی سے اترا۔

چھت پر پرندہ ہے۔

دریا میں مچھلیاں ہیں۔

یہ کتاب خالد کی ہے۔

مجاہد میدان جہاد کی طرف نکلا۔

وہ گھوڑے پر سوار ہے۔

الدَّرسُ الخامسُ والأرْبَعُوْنَ

مفعول به

ضَرَبَ الشُّرْطِيُّ اللِّصَّ

أَكَلَتْ حَفْصَةُ الْبُرْتُقَالَ

شَرِبْتُ الشَّاىَ السَّاخِنَ

يَحْمِلُ الطَّالِبُ الْحَقِيْبَةَ

بَاعَ التَّاجِرُ الْقُطْنَ

اِفتَحْ فَمَكَ أَيُّهَا الْمَرِيضُ!

عَالَجَ الطَّبِيْبُ الْمَرِيْضَ

هَلْ سَاعَدْتَ فَقِيْراً ؟

أَعْطَيْتُ الطَّالِبَ كِتَابًا

عَلِمْتُ الحِذَاءَ ضَيِّقاً

تمرین

۱۔ مندرجہ ذیل کلمات کو مفعول بہ بنائیں۔

القلم– اللبن– الدراجة–

الكُرّاسة– الثوب–

۲۔ درج ذیل جملوں کی ترکیب کریں۔

بَاعَ التاجر القطن– أعطيتُ الطالبَ كتاباً–

۳۔ عربی میں ترجمہ کریں۔

میں نے مالٹے کا جوس پیا۔

عائشہ نے روٹی کھائی۔

امی جان نے گوشت پکایا۔

تاجر نے روئی خریدی۔

کسان نے گندم کاشت کی۔

میں نے فقیر کی مدد کی۔

کیا تو نے خالد کو کتاب دی؟

بلی کو نہ مارو۔

کیا ڈاکٹر نے مریض کا علاج کیا؟

تو نے گرم دودھ پیا۔

الدَّرْسُ السادس والأرْبَعُوْنَ

مفعول فيه

جَلَسَ الطَّائِرُ فَوْقَ الشَّجَرَةِ

نَامَتِ الْقِطَّةُ تَحْتَ السَّرِيْرِ

يَقَعُ بَيْتِى أَمَامَ الْمَسْجِدِ

